# اشتہار برائے سینئر اسٹیشن اسسٹنٹ (SSA) اور پولیس اسٹیشن اسسٹنٹ (PSA)، پنجاب پولیس

**آئیں پولیس کے سویلین عملے کا حصہ بنیں**

پنجاب پولیس کے درج ذیل اضلاع میں سینئر اسٹیشن اسسٹنٹ (SSA) مساوی سکیل نمبر 9 اور پولیس اسٹیشن اسسٹنٹ (PSA) مساوی سکیل نمبر 7 بمعہ گورنمنٹ کے مروجہ الاؤنسز پر خالی آسامیوں (عارضی جس کو بعد ازاں مستقل کر دیا جائے گا) پر بھرتی کے لیے متعلقہ اضلاع کے سکونتی امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواران کے لیے مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔

## اہلیت برائے امیدواران

| اہلیت | برائے سینئر اسٹیشن اسسٹنٹ (SSA) |
|---|---|
| عمر | 18 تا 25 سال (مرد / عورت / خواجہ سراء (Transgender))<br>تاہم عمر میں عام رعایت حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق دی جائے گی۔ |
| سکونت | امیدواران کا متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ |
| تعلیم و تجربہ | منظور شدہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ ان کمپیوٹر سائنسز (ICS)۔ 03 سالہ تجربہ متعلقہ شعبہ میں |

| اہلیت | برائے پولیس اسٹیشن اسسٹنٹ (PSA) |
|---|---|
| عمر | 18 تا 25 سال (مرد / عورت / خواجہ سراء (Transgender))<br>تاہم عمر میں عام رعایت حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق دی جائے گی۔ |
| سکونت | امیدواران کا متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔ |
| تعلیم و تجربہ | منظور شدہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ ان کمپیوٹر سائنسز (ICS) اور کسی منظور شدہ ادارہ سے کمپیوٹر سرٹیفکیٹ (MS Office)۔ بمعہ ٹائپنگ سپیڈ انگلش 35 WPM، اردو 25WPM |

| District | PSA | | | | | SSA | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Disable (3%) | Minority (5%) | Women (15%) | Open Quota | Total | Disable (3%) | Minority (5%) | Women (15%) | Open Quota | Total |
| Lahore | 6 | 12 | 21 | 28 | **67** | - | 2 | - | - | **2** |
| Sheikhupura | 1 | 2 | - | - | **3** | - | - | - | - | - |
| Gujranwala | 2 | 2 | - | 7 | **11** | - | - | - | - | - |
| Gujrat | 1 | 1 | 3 | 11 | **16** | - | - | - | - | - |
| Sialkot | 2 | 3 | - | 24 | **29** | - | - | - | - | - |
| M.B Din | 1 | - | 2 | - | **3** | - | - | - | - | - |
| Narowal | - | 1 | - | - | **1** | - | - | - | - | - |
| Mianwali | - | - | - | 2 | **2** | - | - | - | - | - |
| Rawalpindi | 1 | 3 | 4 | 14 | **22** | - | - | - | - | - |
| Chakwal | - | 1 | 2 | 2 | **5** | - | - | - | - | - |
| Jehlum | - | 1 | 2 | - | **3** | - | - | - | - | - |
| Multan | - | 4 | - | 2 | **6** | - | 1 | - | 1 | **2** |
| Vehari | - | 1 | - | 3 | **4** | - | - | - | - | - |
| Lodhran | - | 1 | - | - | **1** | - | - | - | - | - |
| Khanewal | 1 | - | - | - | **1** | - | - | - | - | - |
| Rahimyar Khan | - | 2 | - | - | **2** | - | - | - | - | - |
| DG Khan | - | 2 | - | - | **2** | - | - | - | - | - |
| Rajanpur | - | 1 | - | - | **1** | - | - | - | - | - |
| Faisalabad | - | - | - | 17 | **17** | - | - | - | 1 | **1** |
| T.T Singh | - | - | - | 1 | **1** | - | - | - | - | - |
| Chiniot | - | - | - | 3 | **3** | - | - | - | - | - |
| **Total** | **15** | **37** | **34** | **114** | **200** | **0** | **3** | **0** | **2** | **5** |

## ہدایات برائے امیدواران

- خواہشمند امیدواران درخواست فارم پنجاب پولیس کی آفیشل ویب سائٹ www.punjabpolice.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ پُر شدہ فارم بمعہ اپنی تصدیق شدہ اسناد کے ساتھ متعلقہ ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔
- درخواست کے ساتھ انٹری ٹیسٹ کی فیس مبلغ -/2000 روپے جمع کروانا ہوگی۔
- درخواستیں اشتہار شائع ہونے کے بعد سے 25.03.2024 تک جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی قسم کی کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔
- تمام امیدواران کے کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد کامیاب امیدواران کی لسٹیں ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں آویزاں اور پنجاب پولیس کی ویب سائٹ www.punjabpolice.gov.pk پر اپ لوڈ کر دی جائیں گی۔
- بھرتی شیڈول اور ٹیسٹ سنٹر کے متعلق تمام معلومات پنجاب پولیس کی ویب سائٹ یا متعلقہ ڈسٹرکٹ کی پولیس لائن سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**مختص کوٹہ:۔**

- 15% کوٹہ خواتین کے لیے، 05% کوٹہ اقلیتی امیدواران کے لیے اور 03% کوٹہ معذور افراد کے لیے مختص ہوگا۔
- **ڈسٹرکٹ مری، تلہ گنگ، کوٹ ادو، وزیر آباد سے تعلق رکھنے والے امیدواران اپنے سابقہ اضلاع راولپنڈی، چکوال، مظفر گڑھ اور گوجرانوالہ کی ڈسٹرکٹ پولیس لائنز سے ہی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔**
- سرکاری و نیم سرکاری ملازمین محکمانہ NOC بھی لف کریں گے۔
- PSA امیدواران کا ابتدائی طور پر تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا اور پاس ہونے والے امیدواران کا اگلے مرحلے میں اسکل ٹیسٹ (ٹائپنگ ٹیسٹ) لیا جائے گا۔ جن میں سے پاس ہونے والے امیدواران کو 3:1 کے تناسب سے انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا۔ اسکلز ٹیسٹ اور انٹرویو کے مقام کے بارے میں متعلقہ پولیس لائنز پر نوٹس آویزاں کر دیا جائے گا۔
- امیدواران ٹائپنگ ٹیسٹ کی تیاری کے لیے www.fast-typing.com ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی پریکٹس کر کے اپنی ٹائپنگ سپیڈ (Typing Speed) چیک کر سکتے ہیں۔ کیونکہ انگلش اور اردو ٹائپنگ ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے۔

- وہ امیدواران جو فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر بمطابق رائج پالیسی (شہید / معذور / ریٹائرڈ / حاضر سروس) لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی اور متعلقہ ضلع / یونٹ کے سربراہ سے حاصل کردہ سرٹیفکیٹ اپنی درخواست کے ساتھ لف کریں گے۔
- تمام امیدواران کو بیان حلفی (اسٹامپ پیپر) بھی دینا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر یا کسی مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دیا جائے گا اور اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
- اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ، میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
- امیدوار کو بھرتی کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔
- حتمی انتخاب کے وقت امیدواران کا صوبائی مجاز ہسپتال سے طبی معائنہ کروایا جائے گا۔ جس میں ناکامی کی صورت میں امیدوار کو نااہل قرار دیا جائے گا۔
- محکمہ کو اختیار ہوگا کہ وہ اس اشتہار کو جزوی طور پر تبدیل یا منسوخ کرے۔ نیز محکمہ کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی امیدوار کو بغیر وجہ بتائے مسترد کر دے۔
- اشتہار ہذا بعد از منظوری صوبائی کابینہ، پنجاب اور الیکشن کمیشن آف پاکستان شائع کیا جا رہا ہے۔

A.I.G. Administration,
for Inspector General of Police,
Punjab.

IPL-1972

**المشتہر:۔ اے آئی جی ایڈمن اینڈ سیکیورٹی، سنٹرل پولیس آفس، لاہور**